سوال

زکوۃ

جواب

مستحق کو بتائے بغیر زکوۃ دینا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کسی مستحق کو بتائے بغیر زکوۃ دینا کیسا ہے یا بتانا ضروری ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! کسی مستحق کو بتائے بغیر بھی زکوۃ دی جا سکتی ہے ،اس کے لئے بتانا ضروری نہیں ہے ۔ مالکیہ تو بتانے کو مکروہ قرار دیتے ہیں ۔ اصح قول کے مطابق زکوۃ لینے والے کو اس بات کا علم ہونا شرط نہیں ہے کہ یہ زکوۃ ہے ، بلکہ صرف دینے والے کی نیت زکوۃ کی ہونا کافی ہے ۔ ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث